باب نمبر ۲۶

Chapter 26

# جامع دعائیں

# COMPREHENSIVE SUPPLICATIONS

## ۳۰۲۔حصول تقویٰ اور مسلمانوں کی بھلائی کی عظیم دعا

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ رضی اللہ عنہما قَالَ: فَلَمَّا کَانَ النَّبِیُّ ﷺ یَقُوْمُ مِنْ مَجْلِسٍ ،حَتّٰی یَدْعُوَ بِھٰؤُلَاءِ الدَّعَوَاتِ لِاَصْحَابِہٖ "اَللّٰھُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْیَتِکَ ،مَا تَحُوْلُ بِہٖ بَیْنَنَا وَبَیْنَ مَعْصِیَتِکَ ، وَ مِنْ طَاعَتِکَ مَا تُبَلِّغُنَا بِہٖ جَنَّتَکَ، وَمِنَ الْیَقِیْنِ مَا تُھَوِّنُ بِہٖ عَلَیْنَا مُصِیْبَاتِ الدُّنْیَا ، وَمَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا ،وَ اَبْصَارِنَا ،وَ قُوَّتِنَا مَااَحْیَیْتَنَا ، وَاجْعَلْہُ الْوَارِثَ مِنَّا ، وَاجْعَلْ ثَاْرَنَا عَلٰی مَنْ ظَلَمَنَا، وَانْصُرْنَا عَلٰی مَنْ عَادَانَا ، وَلَا تَجْعَلْ مُصِیْبَتَنَا فِیْ دِیْنِنَا، وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْیَا اَکْبَرَ ھَمِّنَا، وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا، وَلَا تُسَلِّطْ عَلَیْنَا مَنْ لَّا یَرْحَمُنَا ." (ترمذی)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے،فرماتے ہیں: بہت کم ایسا ہوتا تھا کہ رسول اللہ ﷺ کسی مجلس سے اٹھیں اور اپنے ساتھ اصحاب کیلئے بھی یہ دعا نہ فرمائیں "اَللّٰھُمَّ اقْسِمْ لَنَا...تا...مَنْ لَّا یَرْحَمُنَا ." "اے اللہ! ہمیں اپنے خوف اور خشیت سے اتنا حصہ دے جو ہمارے درمیان اور تیری نافرمانیوں کے درمیان حائل ہو جائے (یعنی تیرے اس خوف کی وجہ سے ہمارے قدم تیری نافرمانیوں کیلئے نہ اٹھ سکیں) اور اپنی اطاعت وعبادت سے اتنا حصہ عطا فرما، جس سے تو ہمیں اپنی جنت میں پہنچا دے (یعنی جو ہمارے لئے داخلۂ

جنت کا وسیلہ بن جائے ) اور ( قضاوقدر ) کے یقین سے اتنا حصہ دے جو ہمارے لئے دنیاوی مصائب کو ہلکا کر دے، اور جب تک تو ہمیں زندہ رکھے اس لائق رکھ کہ اپنے کانوں اور اپنی آنکھوں اور اپنی دوسری قوتوں سے کام لیتے رہیں (یعنی مرتے دم تک ہم آنکھ کان وغیرہ تیری بخشی ہوئی نعمتوں سے فائدہ اٹھاتے رہیں ) اور انکو ہمارے مرنے کے بعد بھی باقی رکھ (یعنی ان سے ہم کچھ ایسے کام کر جائیں جو ہمارے مرنے کے بعد بھی کام آئیں ) اور اے ہمارے مالک ومولا ! جو کوئی ہم پر (یعنی تیرے ایمان والے بندوں پر ) ظلم ڈھائے تو تو اس سے ہمارا بدلہ لے، اور جو کوئی ہماری دشمنی پر کمر بستہ ہو تو اسکے مقابلے میں ہماری مدد فرما اور ہمیں اسکے مقابلے میں غالب اور منصور فرما اور ہم پر ہمارے دین میں کوئی مصیبت نہ آئے (یعنی دینی مصائب اور فتنوں سے خاص طور پر ہماری حفاظت فرما ) اور اے اللہ ! ایسا نہ ہو کہ دنیا ہمارا مقصدِ اعظم اور ہمارے علم ونظر کا منتہا بن جائے اور اے اللہ ! ہم پر کبھی بے رحم دشمنوں کو مسلط نہ فرما'' (ترمذی)

## 302. Great supplication for acquiring Taqwah and betterment for Muslims

Abdullah bin Umar رضی اللہ عنہما narrated: Rarely would it be that the Messenger of Allah ﷺ would rise from a gathering without supplicating for himself and his companions in the following way,"O Allah! Grant us so much fear of You as obstructs us from disobedience to You (so that our steps do not go towards disobedience from fear of You) and grant us so much obedience and worship, by virtue of which, You may send us to Paradise ( and they become a means to our entry into Paradise). And give us so much of belief in fate and decree as makes the worldly hardship light for us. And let us use our ears, eyes and other senses and organs as long as You keep us alive. (So that until) we die with benefit from Your favours and blessings (of the eyes, ears and so on) and retain them even

after we die (so that we leave behind such things and deeds as are useful even after we are no more). And (O Owner and Protector!) let us retaliate against him who oppresses us (Your believing slaves) And help us display enmity against them (and give us an upper hand against him) And let not misfortune befall us in our religion (and protect us from religious problems and trials) And do not make the world our chief purpose and limit our sight. And (O Allah!) do not set him over us as authority who does not show mercy to us".

(Tirmidhi)

## ٣٠٣۔ دنیاوآخرت کی خیروسلامتی

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ ، كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ " اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِيْنِیَ ، الَّذِیْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِیْ ، وَاَصْلِحْ لِیْ دُنْيَایَ ، الَّتِیْ فِيْهَا مَعَاشِیْ ، وَاَصْلِحْ لِیْ اٰخِرَتِیَ ، الَّتِیْ فِيْهَا مَعَادِیْ ، وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِّیْ ، فِیْ كُلِّ خَيْرٍ ، وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّیْ ، مِنْ كُلِّ شَرٍّ " . (مسلم)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ یہ دعا فرمایا کرتے تھے: " اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِی... تا... مِنْ كُلِّ شَرٍّ " " اے اللہ! میری دینی حالت درست فرمادے، جس پر میری خیریت اور سلامتی کا دارومدار ہے، اور میری دنیا بھی درست فرمادے جس میں مجھے یہ زندگی گزارنا ہے، اور میری آخرت بھی درست فرمادے جہاں مجھے لوٹ کے جانا اور ہمیشہ رہنا ہے، اور میری زندگی کو خیر اور بھلائی میں اضافہ اور زیادتی کا ذریعہ بنادے، اور میری موت کو ہر شر سے راحت اور حفاظت کا وسیلہ بنادے۔" (مسلم)

## 303. Supplication for goodness in this world and salvation in the Hereafter

Abu Hurairah رضی اللہ عنہ narrated: The Messenger of Allah ﷺ used to supplicate (in these words): "O Allah! Set right for me my religion which is the safeguard of my affairs. And set right for me the affairs of my world wherein is my living. And set right for me my Hereafter on which depends my after-life. And make this life for me (a source) of abundance for every good and make my death a source of comfort for me, protecting me against every evil." (Muslim)

## ۳۰۴۔ دنیا وآخرت کی بھلائی

عَنْ اَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ کَانَ اَکْثَرُ دُعَآءِ النَّبِیِّ ﷺ " اَللّٰھُمَّ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارُ ".

(بخاری ومسلم)

حضرت انس بن ملک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ اکثر وبیشتر یہ دعا کیا کرتے تھے: " اَللّٰھُمَّ اٰتِنَا...تا...عَذَابَ النَّار " "اے میرے اللہ! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی دے اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما، اور ہمیں آتش دوزخ کے عذاب سے بچا"۔ (بخاری، مسلم)

## 304. Good for this world and the Hereafter

Anas رضی اللہ عنہ narrated: The Prophet of Allah ﷺ used to say, "O Allah! Our Lord! Give us in this world that, which is good and in the Hereafter that, which is good and save us from the torment of the Fire." (Al-Baqarah:201) (Bukhari, Muslim)

## ۳۰۵۔ ہدایت، تقویٰ، پاک دامنی اور بے نیازی کی طلب

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ اَنَّہٗ کَانَ یَقُوْلُ " اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ ،الْھُدٰی ،وَالتُّقٰی، وَالْعَفَافَ، وَالْغِنٰی ". (مسلم)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ دعا فرمایا کرتے تھے: " اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ...تا...وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰی " " اے میرے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں ہدایت اور تقویٰ اور پاکدامنی اور مخلوق کی ناحتاجی" (مسلم)

## 305. Asking for guidance and fear of Allah, purity and contentment

Abdullah Ibn Mas'ud رضی اللہ عنہ narrated: The Messenger of Allah ﷺ often made this supplication, "O Allah! I ask you for guidance, piety, self-control and a complete independence from your creatures."

## ۳۰۶۔ نعمتوں کی درخواست

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرِوالْعَاصِ رضی اللہ عنہما قَالَ کَانَ رَسُولُ اللّٰہِ ﷺ یَقُوْلُ " اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ الصِّحَّۃَ ،وَالْعِفَّۃَ، وَالْاَمَانَۃَ ، وَحُسْنَ الْخُلُقِ، وَالرِّضٰی بِالْقَدْرِ ". (بیہقی)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ دعا فرمایا کرتے تھے: " اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ...تا... وَالرِّضٰی بِالْقَدْرِ " " اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں صحت وتندرستی اور عفت و پاکدامنی، اور امانت کی صفت اور اچھے اخلاق اور راضی بہ تقدیر رہنا" (بیہقی)

## 306. Requesting for five blessing

Abdullah Ibn Amar Al-Aas رضی اللہ عنہما narrated: The Messenger of Allahﷺ used to make this supplication, "O Allah! Indeed I ask of You, sound health, chastity, trustworthiness, good character and contentment on whatever is decreed." (Bahaqi)

## ۳۰۷۔ نعمتوں پر شکر گزاری

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ دُعَاءٌ حَفِظْتُهٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ لَا اَدَعُهٗ " **اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ اُعَظِّمُ شُكْرَكَ، وَاُكْثِرُ ذِكْرَكَ ،وَاَتَّبِعُ نُصْحَكَ ،وَاَحْفَظُ وَصِيَّتَكَ** " . (ترمذی)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے ایک دعا رسول اللہ ﷺ سے سن کر یاد کی تھی (وہ دعا میں برابر کیا کرتا ہوں) اسکو میں کبھی نہیں چھوڑتا (وہ یہ ہے کہ): " اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِی ... تا ...وَاَحْفَظُ وَصِيَّتَكَ " " اے اللہ! مجھے ایسا کر دے کہ میں تیری نعمتوں کے شکر کی عظمت و اہمیت کو سمجھوں (تا کہ پھر شکر میں کوتاہی نہ کروں) اور تیرا ذکر کثرت سے کروں اور تیری نصیحتوں کی پیروی کروں اور تیری وصیتوں اور حکموں کو یاد رکھوں (اور انکی تعمیل سے غفلت نہ برتوں) " (ترمذی)

## 307. Expressing gratitude towards Allah for His blessings

Abu Hurairah رضی اللہ عنہ narrated: He learnt a supplication from the Messenger of Allahﷺ(and kept supplicating Allah in those words) and never omitted it. "O Allah! Make me such as I may thank You for Your blessings regularly reali sing the importance of it, and that I may remember You a lot, I may follow Your counsel and I may contain and reserve Your commands (and always abide by them) (Tirmidhi)

## ۳۰۸۔ذکر،شکر وتسلیم ورضا کی درخواست

عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ كَانَ النَّبِیُّ ﷺ یَدْعُوْا یَقُوْلُ "رَبِّ اَعِنِّیْ وَلَا تُعِنْ عَلَیَّ، وَانْصُرْنِیْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَیَّ، وَامْكُرْلِیْ وَلَا تَمْكُرْ عَلَیَّ، وَاهْدِنِیْ وَیَسِّرِ الْهُدٰی لِیْ، وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ بَغٰی عَلَیَّ، رَبِّ اجْعَلْنِیْ لَكَ شَكَّارًا، لَكَ ذَكَّارًا، لَكَ رَهَّابًا، لَكَ مِطْوَاعًا، لَكَ مُخْبِتًا اِلَیْكَ اَوَّاهًا مُّنِیْبًا، رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِیْ، وَاغْسِلْ حَوْبَتِیْ، وَاَجِبْ دَعْوَتِیْ، وَثَبِّتْ حُجَّتِیْ، وَسَدِّدْ لِسَانِیْ، وَاهْدِ قَلْبِیْ، وَاسْلُلْ سَخِیْمَةَ صَدْرِیْ" . (ترمذی و ابوداؤد)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ یہ دعا کیا کرتے تھے: "رَبِّ اَعِنِّی وَلا تُعِن...تا...سَخِیْمَةَ صَدْرِی" "اے میرے رب! میری مدد فرما، میرے خلاف (میرے دشمنوں کی کاروائیوں میں انکی) مدد نہ فرما، میری حمایت فرما (میرے مخالفین کی) میرے خلاف حمایت نہ فرما، اپنی لطیف خفیہ تدبیر میرے حق میں استعمال فرما، میرے خلاف استعمال نہ فرما، مجھے ٹھیک راستے پر چلا اور صراط مستقیم پر چلتے رہنا میرے لئے آسان فرما، جو کوئی مجھ پر ظلم وزیادتی کرے اسکے مقابلے میں میری مدد فرما، اے پروردگار! مجھے بنادے اپنا خوب شکر کرنے والا، خوب ذکر کرنے والا، اپنے سے بہت ڈرنے والا، سراپا اطاعت گزار وفرمانبردار، اپنے حضور میں عاجزی اور نیازمندی سے جھکنے والا، نرم دل، اور تیری بارگاہ کرم کی طرف رجوع ہونے اور پلٹنے والا۔ اے میرے رب! میری توبہ قبول فرمالے، میرے گناہوں کے میل کچیل کو دھودے، میری دعا قبول فرما، میرا ایمان (جو آخرت میں میری حجت بننے والا ہے اسکو) مستحکم کردے، میری زبان کو ٹھیک چلنے والی بنادے، میرے دل کو ہدایت بخشدے اور میرے سینہ سے کینہ کپٹ اور ہر قسم کی کھوٹ نکال دے"۔ (ترمذی، ابی داؤد)

## 308. Request for remembrance, gratitude and submission

Abdullah Ibn Abbas رضی اللہ عنہما narrated: The Prophet of Allah ﷺ used to supplicate Allah: "My Lord! Help me and do not give help against me; grant me victory, and do not grant victory over me; plan on my behalf and do not plan against me; guide me, and make guidance easy for me; grant me victory over those who act wrongfully towards me; O Allah! make me grateful to Thee, mindful of Thee, full of fear towards Thee, devoted to Thy obedience, humble before Thee, or penitent. My Lord, accept my repentance, wash away my sin, answer my supplication, clearly establish my evidence, guide my heart, make true my tongue and draw out malice in my breast."

(Tirmidhi, Abu-Dawud)

## ۳۰۹۔اپنی تعریف سن کر کر دعا کرنا

حضرت عدی بن ارطاۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے ایک صحابی تھے، جب کوئی انکی تعریف کرتا تو وہ فرماتے، ”اَللّٰھُمَّ لَا تُؤَاخِذْنِیْ بِمَا یَقُوْلُوْنَ، وَاغْفِرْ لِیْ، مَا لَا یَعْلَمُوْنَ، وَاجْعَلْنِیْ خَیْرًا مِّمَّا یَظُنُّوْنَ“

”اے اللہ! تو میری گرفت نہ فرمانا اسکی وجہ سے، جو یہ لوگ کہہ رہے ہیں ،اور معاف فرما دے مجھے، جو یہ نہیں جانتے ،اور بنا دے مجھے زیادہ بہتر اس سے جو یہ (میرے بارے میں) گمان کر رہے ہیں۔(بخاری)

## 309. Supplication to recite after receiving a praise

Adi Bin Artaat رضی اللہ عنہ narrated: The Messenger of Allah ﷺ had a Companion who, whenever he was praised,would say; "Oh Allah! Do not be harsh with me due to the praises these people are giving me, and forgive me for what these people know not and make me better than what they think of me." (Bukhari)

## ۳۱۰۔صبر، شکر و عاجزی و انکساری

عَنْ بُرَيْدَةَ رضی اللہ عنہ مَرْفُوعًا" اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ شَكُوْرًا، وَاجْعَلْنِيْ صَبُوْرًا، وَاجْعَلنِيْ فِيْ عَيْنِيْ صَغِيْرًا، وَ فِيْ اَعْيُنِ النَّاسِ كَبِيْرًا " . (بزار)

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے یہ دعا روایت کی ہے کہ:" اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي...تا...النَّاسِ كَبِيْرًا " "اے اللہ! مجھے اپنا شکر کرنے والا اور صبر کرنے والا بندہ بنا، اور مجھے اپنی نگاہ میں چھوٹا اور دوسرے کی نگاہ میں بڑا بنا دے" (بزار)

## 310. Request for patience, gratitude, humility and modesty

Buraydah رضی اللہ عنہ narrated the following du'a from the Messenger of Allah ﷺ , "O Allah! Make me one who is most patient and grateful; and make me small in my own eyes but great in the eyes of others." (Bazar)

## ۳۱۱۔ ایمان وحسنِ اخلاق کا سوال

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ مَرْفُوْعًا " اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ ،صِحَّةً فِیْ اِیْمَان ،وَّ اِیْمَانًا فِیْ حُسْنِ خُلُقٍ ،وَّنَجَاحًا تُتْبِعُهُ فَلَاحًا، وَّ رَحْمَةً مِّنْکَ ،وَعَافِیَةً، وَّمَغْفِرَةً مِّنْکَ، وَرِضْوَانًا "

(طبرانی ،حاکم )

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ ﷺ کی یہ دعا روایت کی گئی ہے:" اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ صِحَّةً... تا ...مَغْفِرَةً مِنْکَ وَرِضْوَانًا " "اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں صحت وتندرستی ایمان کے ساتھ،اور استدعا کرتا ہوں ایمان کی حسنِ اخلاق کے ساتھ،اور سوال کرتا ہوں تجھ سے مقاصد میں کامیابی کا آخرت کی فلاح کے ساتھ،اور سائل ہوں تجھ سے رحمت اور عافیت کا،اور تیری مغفرت اور رضا مندی کا"

(طبرانی ،حاکم )

## 311. Request for faith and good manners

Abu Hurairah رضی اللہ عنہ narrated: The Messenger of Allah ﷺ made this supplication, "O Allah! I ask you for sound health with faith, and for faith with good manners and for success in receiving objectives followed by success in the Hereafter and mercy from You and Your security and forgiveness with Your pleasure."

(Tibrani, Hakim)

## ۳۱۲۔ حسنِ عمل وخاتمہ بالخیر

عَنْ مَالِكٍ قَالَ بَلَغَنِیْ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ کَانَ یَدْعُوْا " اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ فِعْلَ الْخَیْرَاتِ ،وَتَرْکَ الْمُنْکَرَاتِ ،وَحُبَّ الْمَسَاکِیْنَ، وَاِذَا اَرَدْتَّ بِقَوْمٍ فِتْنَةً ،فَاقْبِضْنِیْ اِلَیْکَ غَیْرَ مَفْتُوْنٍ "

(امام مالک)

امام مالک ؒ سے مروی ہے، انہوں نے بیان کیا کہ مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ رسول اللہ ﷺ یہ دعا فرمایا کرتے تھے:" اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُک...تا... اِلَیْکَ غَیْرَ مَفْتُونٍ " " اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں اچھے عمل کرنے کی توفیق، اور برے اعمال کو چھوڑ دینے کی توفیق، اور تیرے مسکین بندوں کے ساتھ محبت کرنے کی توفیق۔ اور اے اللہ! جب تیرا فیصلہ کسی قوم کو فتنہ اور عذاب میں مبتلا کرنے کا ہو تو مجھے اس فتنہ میں مبتلا کئے بغیر اپنی طرف اٹھا لے" (موطا امام مالک)

## 312. Request for good deeds and a befitting end

Imam Maalik رحمۃ اللہ علیہ narrated: He learnt that the Prophet ﷺ made this supplication, "O Allah! I ask You to enable me to do good and to shun bad deeds and to love the poor and when You intend to try people, cause me to die without putting me to trial."

(Muta Imam Maalik)

## ۳۱۳۔ ۴ مہلک برائیوں سے پناہ

عَنْ اُمِّ مَعْبَدِ الْخُزَاعِیَةِ رضی اللہ عنہا مَرْفُوْعًا " اَللّٰھُمَّ طَھِّرْ قَلْبِیْ مِنَ النِّفَاقِ، وَعَمَلِیْ مِنَ الرِّیَآءِ ،وَلِسَانِیْ مِنَ الْکِذْبِ ،وَعَیْنِیْ مِنَ الْخِیَانَةِ ، فَاِنَّکَ تَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْیُنِ ، وَمَاتُخْفِی الصُّدُوْرِ ". (بیھقی، مشکوۃ)

ام معبد خزاعیہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ سے یہ دعا روایت کی ہے:" اَللّٰھُمَّ طَھِّرْ قَلْبِی...تا...وَمَاتُخْفِی الصُّدُوْرِ " "اے اللہ! میرے دل کو نفاق سے، میرے اعمال کو ریاء کی آمیزش سے، میری زبان کو جھوٹ سے اور میری آنکھوں کو نظر کی خیانت سے بالکل پاک صاف کر دے تو آنکھوں کی خیانت اور دلوں کے رازوں کو بھی جانتا ہے، تجھ سے میری کوئی چیز چھپی نہیں"۔

(مشکوۃ ، للبیہقی)

## 313. Protection from four deadly diseases

Umm Ma`bad Khuzaìyah رضی اللہ عنہا narrated: The Prophet of Allah ﷺ made the following supplication, "O Allah! purify my heart from hypocrisy, my deeds from any kind of riya (show off), my tongue from lying and my eye from treachery. For indeed only You know the treachery of the eyes and what lays hidden in the hearts." (Mishkaat Almasabi,Baihiqi)

## ۳۱۴۔ ایمان، استقامت وحسنِ عبادت

عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يُعَلِّمُنَا اَنْ نَّقُوْلَ " اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ ، وَ اَسْئَلُكَ عَزِیْمَةَ الرُّشْدِ ، وَ اَسْئَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ ، وَ حُسْنَ عِبَادَتِكَ ، وَ اَسْئَلُكَ لِسَانًا صَادِقًا ، وَّ قَلْبًا سَلِیْمًا ، وَّ اُعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ ، وَاَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا تَعْلَمُ ، وَاَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا تَعْلَمُ، اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ".

(ترمذی ونسائی)

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول للہ ﷺ ہمیں تعلیم فرماتے تھے کہ ہم دعا میں اللہ تعالیٰ سے یوں عرض کیا کریں: " اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْئَلُكَ...تا... اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوبِ " " اے اللہ! میں مانگتا ہوں تجھ سے استقامت اور ثابت قدمی دین کے معاملہ میں اور طلب کرتا ہوں اعلیٰ صلاحیت اور سوجھ بوجھ میں پختگی، اور تیری نعمتوں کے شکر کی اور حسنِ عبادت کی توفیق، اور طالب ہوں تجھ سے لسانِ صادق اور قلبِ سلیم کا، اور تیری پناہ چاہتا ہوں ہر اس شر سے جسکا تجھے علم ہے، اور سائل ہوں ہر اس خیر اور بھلائی کا جو تیرے علم میں ہے، معافی اور مغفرت چاہتا ہوں اپنے ان سب گناہوں سے جو تجھے معلوم ہیں، تو ساری پوشیدہ باتوں کو بھی خوب جانتا ہے" (ترمذی، نسائی)

## 314. Faith, steadfastness and excellent worship

Shaddad ibn Aws رضی اللہ عنہ narrated: The Messenger of Allah ﷺ taught them to make supplication to Allah in these words, "O Allah! I ask You for steadfastness and firm footedness in religious affairs. And I ask You for great mental ability and guidance. And I ask You to enable me to show gratitude for Your bounties and to be able to worship You with the best devotion. And I ask You for a truthful tongue and sound heart and I seek Your protection from every evil of which You know. And I ask of the good blessings of which You know. And I seek forgiveness from what You know (of my sins.) Surely You are the All Knowing and nothing is hidden from You."

(Tirmidhi, Nasai)

## ۳۱۵۔ خاتمۂ بالخیر

عَنْ اِبْنِ عُمَر رضی اللہ عنہما (مَرْفُوْعًا) " اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ قُدْرَتِکَ، وَاَدْخِلْنِیْ فِیْ رَحْمَتِکَ، وَاقْضِ اَجَلِیْ فِیْ طَاعَتِکَ ،وَاخْتِمْ لِیْ بِخَیْرِ عَمَلِیْ ،وَاجْعَلْ ثَوَابَهُ الْجَنَّةَ " . (بیهقی)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے رسول للہ ﷺ سے یہ دعا روایت کی ہے: " اَللّٰهُمَّ عَافِنِی...تا...ثَوَابَهُ الْجَنَّةَ " " اے اللہ! مجھے اپنی قدرت سے عافیت عطا فرما اور مجھے اپنی رحمت کے سایہ میں لے لے، اور میری زندگی اپنی اطاعت وعبادت میں پوری کرا دے (یعنی میں زندگی کے آخری لمحہ تک تیری اطاعت وعبادت کرتا رہوں) اور میرے بہترین عمل پر میرا خاتمہ فرما اور اسکے صلے میں مجھے جنت عطا فرما" (بیہقی)

## 315.Request for good end of ones life

Abdullah ibn Umar رضی اللہ عنہما has narrated this supplication from the Messenger of Allah ﷺ, " O Allah! Grant me security with your power, admit me to Your mercy, enable me to spend my life in Your obedience and worship (so I continue to obey and worship You till the last moments of my life.) And let my life end with my best deed and make paradise its reward." (Baihaqi)

## ۳۱۶۔ جنت میں داخلہ اور دوزخ سے نجات

عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ رضی اللہ عنہ (مَرْفُوْعًا) " اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلَنَا، وَارْحَمْنَا، وَارْضَ عَنَّا ،وَ تَقَبَّلْ مِنَّا ،وَ اَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ ،وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ، وَاَصْلِحْ لَنَا شَاْنَنَا كُلَّهٗ ". (احمد و ابن ماجة وطبرانی)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے یہ دعا روایت کی ہے: " اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلَنَا...تا... شَاْنَنَا كُلَّهٗ " " اے اللہ! ہمکو بخش دے، ہم پر رحمت فرما، اور دوزخ سے ہمیں بچالے، اور ہمارے حالات اور جملہ معاملات درست فرمادے"۔۔۔آپ ﷺ سے عرض کیا گیا: حضور ﷺ! ہمارے لئے اور زیادہ دعا فرمائیے؟۔۔۔آپ ﷺ نے فرمایا: کیا (اس دعا میں جو میں نے ابھی کی) ساری خیر کو ہم نے جمع نہیں کرلیا "

(مسند احمد، ابن ماجہ، طبرانی)

## 316. Entry in Paradise and protection from Hell

Abu Umamah رضی اللہ عنہ has narrated the following supplication from the Messsenger of Allah ﷺ ,"O Allah! Forgive us, have mercy on us and be pleased with us, Accept from us, Admit us to Paradise and protect us from Hell and rectify our affair" Someone said to the Prophet of Allah ﷺ , "Make more (supplication)" and he said, "Is it not that we have included the blessings, all of them?" (Musnad Ahmad, Ibn Majah, Tabrani)

## ۳۱۷۔ امت مسلمہ کی تعداد اور عزت وعظمت کی دعا

عَـنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ اَنَّ الـنَّبِـیَّ ﷺ اُنْـزِلَ عَلَیْهِ الْوَحْیُ یَوْماً ....... فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ وَرَفَـعَ یَـدَیْـهِ وَقَالَ " اَلـلّٰهُـمَّ زِدْنَـا ،وَلَا تَـنْقُصْنَا ،وَاَكْرِمْنَا ،وَلَا تُهِـنَّـا، وَاَعْـطِنَا ،وَلَا تُحْرِمْنَا ،وَ اٰ ثِرْنَا ،وَلَا تُؤْثِرْ عَلَیْنَا، وَاَرْضِـنَـا، وَارْضَ عَنَّا " . (احـمـد وتـرمـزی)

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ پر وحی نازل ہوئی (اور اس وقت آپ ﷺ کی کیفیت جونزولِ وحی کے وقت ہوجایا کرتی تھی، جب وہ کیفیت ختم ہوئی) تو آپ ﷺ قبلہ رو ہوگئے اور ہاتھ اٹھا کے یہ دعا کی:" اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا...تا...وَارْضَ عَنَّا " " اے میرے اللہ! ہماری تعداد میں زیادتی اور اضافہ فرما، کمی نہ فرما اور ہمیں عزت وعظمت عطا فرما، ہماری اہانت وذلت نہ فرما، ہمیں اپنی ہر طرح کی نعمتیں عطا فرما، ہمیں محروم نہ فرما ہمیں اپنا لے، ہمارے مقابلے میں دوسروں کو ترجیح نہ دے، ہم سے راضی ہوجا اور ہمیں خوش کردے"۔ (مسند احمد، ترمذی)

## 317. Supplication for respect, strength and glory of the Muslim Ummah

Umar ibn Al-Khattab رضی اللہ عنہ narrated: One day the Prophet ﷺ received a revelation. He turned towards the Qiblah and raised his hands and supplicated Allah in these words, "O Allah! Increase us and do not decrease us (in number). Honour us and do not humiliate us. Give us all kinds of Your bounties and do not withhold from us. Choose us and do not prefer others to us. Please us and be pleased with us."

(Musnad Ahmad, Tirmidhi)

## ۳۱۸۔ باہمی تعلقات میں خوشگواری اور اصلاح

عَنْ اِبْنِ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ (مَرْفُوْعًا)" اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا ،وَاَلِّفْ بَيْـنَ قُلُوْبِنَا ،وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ، وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَـى النُّوْرِ ،وَ جَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ ،ماَ ظَهَرَ مِنْهَا ،وَمَا بَطَنَ ، اَلـلّٰهُـمَّ بَـارِكْ لَـنَا فِىْ اَسْمَاعِنَا ،وَاَبْصَارِنَا ،وَقُلُوْبِنَا ،وَاَزْوَاجِنَا ،وَذُرِّيَّاتِنَا ، وَتُبْ عَلَيْنَا، اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الـرَّحِيْـمُ ،وَاجْـعَـلْـنَـا شَـاكِرِيْنَ لِنِعْمَتِكَ ،مُثْنِيْنَ بِهَا قَـابِـلِيْهَـا وَاَتِـمَّهَا عَلَيْنَا". (طبـرانـی وحـاکم)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے یہ دعا روایت کی ہے:" اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا... تا... وَاَتِمَّهَا عَلَيْنَا" " اے اللہ! ہمارے آپس کے تعلقات درست فرما دے اور ہمارے دلوں کو جوڑ دے، اور ہمیں سلامتی کے راستوں پر چلا، اور ہر طرح کی گمراہیوں سے نکال کر ہمیں نور کی طرف لا، اور ظاہری اور باطنی قسم کی ساری بے حیائیوں سے ہمیں بچا۔ اے اللہ! ہماری سماعت و بصارت اور ہمارے قلوب میں اور اسی طرح ہمارے بیوی بچوں میں برکت عطا فرما، اور ہماری توبہ قبول فرما کر ہم پر عنایت فرما، تو بڑا عنایت فرما، بڑا مہربان ہے، اور ہمیں اپنی نعمتوں کا شکر گزار اور ثنا خواں اور قدر کے ساتھ قبول کرنے والا بنا، اور ہمیں اپنی وہ نعمتیں بھرپور عطا فرما"۔ (طبرانی، حاکم)

## 318. Harmony and improvement of mutual relationship

Abdullah ibn Mas'ud رضی اللہ عنہ narrated: The Prophet of Allah ﷺ made the following supplication, "O Allah! Put affection amongst our hearts, set right our matters between ourselves,

guide us to the ways of peace, deliver us from darkness towards light, save us from all kinds of indecency; the apparent as well as the hidden, and bless our hearing, our seeing, our hearts, our spouses and our children, and accept our repentance. Indeed You are the One who greatly accepts repentance, One who is repeatedly Merciful.

(Tabrani, Hakim)

## ۳۱۹۔ تزکیۂ نفس کی درخواست

عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا (مَرْفُوْعًا) ”رَبِّ اَعْطِ نَفْسِیْ تَقْوَاھَا ،وَزَکِّھَا، اَنْتَ خَیْرُ مَنْ زَکَّاھَا ،اَنْتَ وَلِیُّھَا وَ مَوْلَاھَا“ (احمد)

۔حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ سے یہ دعا روایت کی ہے کہ ”رَبِّ اَعْطِ نَفْسِی...تا...اَنْتَ وَلِیُّھَا وَ مَولاَ ھَا “ ” اے میرے رب! میرے نفس کو تقوی سے آراستہ فرما اور (اسکی گندگیاں دور فرما کر) اسکو پاکیزہ بنادے، تو ہی سب سے اچھا پاکیزہ بنانے والا ہے، تو ہی اسکا والی اور مالک و مولیٰ ہے“۔ (مسند احمد)

## 319. Asking for the purification of one's soul

Ayesha رضی اللہ عنہا narrated: The Prophet of Allah ﷺ made the following supplication,"O my Lord! Bestow on my soul its piety (and remove its wrongs). Purify it for You are the best of those who purify. You alone are its Guardian and Master."

(Musnad Ahmad)

## ۳۲۰۔عشقِ الٰہی اوراعلیٰ مقام

عَنْ اَبِیْ الدَّرْدَاءِ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ کَانَ مِنْ دُعَآءِ دَاوٗدَ یَقُوْلُ " **اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ حُبَّکَ ،وَ حُبَّ مَنْ یُّحِبُّکَ، وَالْعَمَلَ الَّذِیْ یُبَلِّغُنِیْ حُبَّکَ ، اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّکَ ،اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَفْسِیْ ،وَاَھْلِیْ ،وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ** " قَالَ و کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ اِذَا ذَکَرَ دَاوٗدَ یُحَدِّثُ عَنْہُ قَالَ کَانَ اَعْبَدَ الْبَشَرِ ۔ (ترمذی)

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ" اللہ کے پیغمبر داوٗد علیہ السلام جو دعائیں کرتے تھے ان میں ایک خاص دعا یہ بھی تھی: " اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ حُبَّک...تا...وَمِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ " "اے میرے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں تیری محبت (یعنی مجھے اپنی محبت عطا فرما) اور اپنے ان بندوں کی محبت بھی مجھے عطا فرما، جو تجھ سے محبت کرتے ہیں، اور ان اعمال کی محبت مجھے عطا فرما، جو تیری محبت کے مقام تک پہنچاتے ہوں۔ اے اللہ! ایسا کردے کہ اپنی جان اور اہل وعیال کی محبت اور ٹھنڈے پانی کی چاہت سے بھی زیادہ مجھے تیری محبت اور چاہت ہو" ۔۔حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب حضرت داوٗد علیہ السلام کا ذکر فرماتے تو ان کے متعلق یہ بھی فرمایا کرتے تھے کہ: وہ بہت ہی زیادہ عبادت گزار تھے۔ (ترمذی)

## 320. Love for Allah and elevated status

Abu Darda رضی اللہ عنہ narrated: The Messenger of Allah ﷺ said, "Of the invocations of Prophet Dawud علیہ السلام this one stands out, "O Allah! I ask of You of Your love, the love of whoever loves You and the love of those deeds which would draw me to attaining Your love. O Allah, make Your love dearer to me than myself, my family and the cold water." Abu Darda رضی اللہ عنہ relates that when the Prophet of Allah ﷺ mentioned the Prophet

Dawud عليه السلام, he used to say that the Prophet Dawud عليه السلام was an adamant worshipper.

(Tirmidhi)

### ۳۲۱۔ رشد وہدایت کی التجا

عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ لِيَ النَّبِيُّ ﷺ قُلْ "اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِيْ رُشْدِيْ ،وَاَعِذْنِيْ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ" (ترمذی)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے یہ دعا تلقین فرمائی: "اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِي رُشْدِي وَاَعِذْنِي مِنْ شَرِّ نَفْسِي" "اے میرے اللہ! میرے دل میں وہ ڈال جس میں میرے لئے بھلائی اور بہتری ہو، اور میرے نفس کے شر سے مجھے بچا، اور اپنی پناہ میں رکھ"۔ (ترمذی)

## 321. Appeal for integrity and guidance

Imran ibn Husayn رضی اللہ عنہ narrated: The Prophet of Allah ﷺ taught him the following supplication, "O Allah! endow me my wisdom, and save me from the evil of my soul." (Tirmidhi)

### ۳۲۲۔ معرفتِ الٰہی وخیرِ کثیر کی درخواست

باب نمبر ۱۹ ، حدیث نمبر ۲۲۳ دیکھیں

## 322. Awareness of Allah and request for great blessing

Please see chapter 19 hadith 223

## ۳۲۳۔ دعائے استخارہ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہمکو اپنے تمام کاموں میں استخارہ کرنے کی تعلیم اس طرح دیتے تھے جیسے قرآن کی سورۃ ہمیں سکھایا کرتے تھے۔ آپ ﷺ فرماتے تھے جب تم کسی اہم کام کا ارادہ کرو تو نفل نماز کی نیت سے دو رکعت پڑھو، نماز کے بعد یہ دعا مانگو۔

**اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ ،وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ، وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ ، فَاِنَّکَ تَقْدِرُوَ لَآ اَقْدِرُ ،وَ تَعْلَمُ وَ لَآ اَعْلَمُ ،وَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ، اَللّٰهُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ، فِیْ دِیْنِیْ ،وَ مَعَاشِیْ ،وَ عَاقِبَةِ اَمْرِیْ ،اَوْعَاجِلِ اَمْرِیْ، وَ اٰجِلِهٖ، فَاقْدِرْهُ لِیْ وَ یَسِّرْهُ لِیْ ،ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْهِ ، وَ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ ،شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ، وَ مَعَاشِیْ وَ عَاقِبَةِ اَمْرِیْ، اَوْعَاجِلِ اَمْرِیْ ،وَ اٰجِلِهٖ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ ،وَ اصْرِفْنِیْ عَنْهُ، وَاقْدُرْلِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ** ۔ (بخاری)

اے اللہ! میں تیرے علم کی مدد سے بھلائی طلب کرتا ہوں اور تیری قدرت کی مدد سے مقدرت مانگتا ہوں۔ اور تجھ سے تیرے فضل عظیم کا سوال کرتا ہوں۔ بیشک تو ہی قدرت رکھتا ہے اور میں نہیں رکھتا، اور تو ہی جانتا ہے اور میں نہیں جانتا۔ اور تو ہی غیبوں کا جاننے والا ہے۔ اے اللہ! اگر تو جانتا اگر یہ کام (جس کام کی ضرورت ہو اسکا نام لے) میرے لئے بہتر ہے، میرے دین اور میری زندگی اور میرے انجام کار میں اس دنیا کیلئے اور آخرت کیلئے تو اس کام کو میرے لئے بہتر کر دے اور اسکو میرے لئے آسان بنا دے پھر میرے لئے اس میں

برکت عطا کر۔اور اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام میرے دین، زندگی اور انجام کار کے لحاظ سے دنیا اور آخرت کیلئے بد
تر ہے تو اس کام کو مجھ سے دور کر دے اور مجھے اس سے دور کر دے اور مجھے بھلائی مہیا کر دے جہاں کہیں ہو،
پھر تو اس کام کے ساتھ مجھ سے راضی ہو جا۔ (بخاری)

## 323. Supplication for seeking Allah's counsel (Dua-e-Istikhara)

Jaabir Ibn ‘Abdullah رضی اللہ عنہما narrated: The Prophet of Allah ﷺ used to teach us to seek Allah's counsel in all of our concerns, just as he would teach us a chapter from the Quran. He, ﷺ would say ‘If any of you intends to undertake a matter then let him pray two supererogatory prayer (two rak’ah naafilah) of prayer and then supplicate:

"O Allah, I seek the counsel of Your knowledge, and I seek the help of Your omnipotence, and I beseech Your magnificient grace. Verily You are capable and I am not. You know and I know not, and You are the Knower of the Unseen. O Allah! Surely You know, so if this affair (then mention the need) is good for me, in my religion, and in my life, and for my welfare in the life to come, then decree and facilitate it for me, and bless me with it, and if You know this affair to be ill for me towards my religion, my life, and my end, then remove it from me and remove me from it , and decree for me what is good wherever it be and make me satisfied with such."

(Bukhari)

.

## ۳۲۴۔ دعاء حاجت

نبی ﷺ کا ارشاد ہے، جب کسی کو اللہ سے یا کسی بندے سے کوئی حاجت ہو تو خوب اچھی طرح وضو کرے۔ پھر دو رکعت نماز پڑھ کر اللہ کی حمد وثناء کرے، اور نبی ﷺ پر درود پڑھے اور پھر اللہ سے یوں دُعا کرے:

**لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ ،سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ، وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ، وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ،وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ ،لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهُ، وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهُ ،وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا ، يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.** (ترمذی)

”خدا کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ بڑا ہی بُردبار اور بہت ہی کرم فرمانے والا ہے۔ پاک و برتر ہے خدا عرشِ عظیم کا مالک، شکر و تعریف خدا ہی کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے (خدایا!) میں تجھ سے ان چیزوں کی بھیک مانگتا ہوں جو تیری رحمت کو واجب کرنے والی اور تیری مغفرت کو لازم کرنے والی ہیں۔ ہر بھلائی میں حصہ اور ہر گناہ سے سلامتی چاہتا ہوں، خدایا! تو میرا کوئی گناہ بخشے بغیر اور کوئی دکھ اور غم دُور کئے بغیر نہ چھوڑا اور میری کوئی حاجت جو تیرے نزدیک پسندیدہ ہو پوری کئے بغیر نہ رہنے دے۔ اے رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔“ (ترمذی)

## 324. Supplication for specific needs (Dua-e-Haajaat)

There is no God but Allah, The patient, The Generous, The Perfect Master of this great throne. Thanks and praise be to the Cherisher of the world. I ask of Your Mercy to be incumbent on me, Your forgiveness is necessary for me, and a share in all good and protection from all sins. O Allah! Forgive me my sins and remove all my problems and worries, and fulfill all my needs that are pleasing to You, O Most Merciful!

(Tirmidhi)